## ایک منظّم منصوبہ بندی کے تحت کراچی کے حالات خراب کئے جارہے ہیں، الطاف حسین

## حکومت وانتظامیہ دہشت گردی کے واقعات کی روک تھام اورشہریوں کو جان ومال کاتحفظ فراہم نہیں کر پارہی ہے

## شہری اپنی گلیوں، بازاروں اوردکانوں کو مسلح حملہ آوروں سے محفوظ رکھنے کیلئے خودمیدان عمل میں آئیں،

## پولیس وانتظامیہ پر تکیہ کرنے کے بجائے اپنی مدد آپ کے اصول کے تحت اپنی حفاظت کیلئے خودانتظامات کریں

## کراچی کے تاجروں اوردکانداروں سمیت تمام علاقوں میں رہنے والے شہریوں سے الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔31 جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے ایک موبائل فون کمپنی کے دفتر پر مسلح حملے، ملیر میں ڈاکٹر کے قتل، گزشتہ رات نارتھ کراچی میں تین نوجوانوں اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والی دوخواتین اور ڈرائیور کے قتل سمیت دہشت گردی کے دیگر واقعات کی شدید مذمت کی ہے اور تسلسل کے ساتھ ہونے والے ان واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اجلاس سے فون پر خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں گزشتہ کئی برسوں سے قوم کو ان خطرات سے آگاہ کرتا رہا ہوں کہ ایک منظّم منصوبہ بندی کے تحت کراچی کو مسلح دہشت گردوں کے حوالے کیا جارہا ہے لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت اور انتظامیہ نے میری باتوں پر سنجیدگی سے توجہ دینے کے بجائے ان کا مذاق اڑایا اور قوم کو گمراہ کیا۔آج پورا کراچی دہشت گردوں کے ہاتھوں یرغمال بنا ہوا ہے اور شہر کے عوام ان دہشت گردوں پر رحم وکرم پر ہیں۔ایک منظّم منصوبہ بندی کے تحت کراچی کے حالات خراب کئے جارہے ہیں۔شہر میں ایک طرف تو فرقہ وارانہ بنیاد پر قتل ہورہے ہیں اور دوسری طرف بینکوں، کاروباری مراکز اور دکانوں پر مسلح حملوں کے واقعات ہورہے ہیں۔آج بھی ناظم آباد میں مسلح دہشت گردوں نے موبائل فون کمپنی کے دفتر پر دن دہاڑے حملہ کرکے معصوم افراد کو اپنی دہشت گردی کا نشانہ بنایا جبکہ ملیر میں ایک ڈاکٹر کو فائرنگ کرکے ہلاک کردیا گیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ شہر میں دہشت گردی کے یہ واقعات تسلسل کے ساتھ ہورہے ہیں اور حکومت وانتظامیہ ان واقعات کی روک تھام اور شہریوں کو جان ومال کا تحفظ فراہم نہیں کر پارہی ہے لہٰذا شہریوں کے پاس اب اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ وہ سر جوڑ کر بیٹھیں اور اپنی جان ومال کے تحفظ کا بوجھ سنبھالنے کیلئے خود تیار ہوجائیں ورنہ دہشت گردوں کے حوصلے اور بلند ہوں گے اور مزید معصوم وبے گناہ شہری دہشت گردی کی بھینٹ چڑھیں گے۔جناب الطاف حسین نے کراچی کے تمام تاجروں، دکانداروں اور دیگر کاروباری حضرات سمیت تمام علاقوں میں رہنے والے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ امن عامہ قائم کرنے اور اپنے شہر کی گلیوں، بازاروں، دکانوں کو مسلح حملہ آوروں اور دہشت گردوں سے محفوظ رکھنے کیلئے خود میدان عمل میں آئیں، پولیس وانتظامیہ پر تکیہ کرنے کے بجائے اپنی مدد آپ کے اصول کے تحت اپنی حفاظت کیلئے خود انتظامات کریں، اپنے اپنے علاقوں کی سطح پر ویجیلنس کمیٹیاں بنائیں، چوکیداری سسٹم رائج کریں، ہرگلی اور بازار میں الارم سسٹم لگائیں تاکہ دہشت گردی کے کسی بھی واقعہ کی صورت میں الارم سسٹم کو استعمال کیا جائے اور دہشت گردی کی وارداتیں کرنے والوں کو پکڑ کر مقامی پولیس وانتظامیہ کے حوالے کیا جاسکے۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کے ہاتھوں قتل اور دہشت گردی کا نشانہ بننے والے افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور جاں بحق ہونے والوں کیلئے دعائے مغفرت کی۔

## دہشت گردوں کی جانب سے گزری پل پر گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں رکن بلوچستان اسمبلی بختیار خان کی اہلیہ، صاحبزادی اورڈرائیور کے بہیمانہ قتل پر جناب الطاف حسین کا اظہار مذمت

## گزری پل کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے

## اورعوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس ومثبت اقدامات بروئے کارلائے جائیں

لندن:۔۔۔31جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گزری پل پر گاڑی پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کی جانب سے بلوچستان اسمبلی کے رکن بختیار خان کی اہلیہ، صاحبزادی اور ڈرائیور کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے ظلم وبربریت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ فائرنگ کا واقعہ شہر کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کی سازش ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے رکن بلوچستان اسمبلی بختیار خان سمیت مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی

مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو اس صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین) جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور صوبائی وزیر داخلہ منظور وسان سے مطالبہ کیا ہے کہ گزری پل پر دہشت گردوں کی فائرنگ سے رکن بلوچستان اسمبلی بختیار خان کی اہلیہ، صاحبزادی اور ڈرائیور کے بہیمانہ قتل کا فوری نوٹس لیا جائے، اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس و مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیو ایم کے وفد کی پاکپتن کے مشہور بزرگ ہستی بابا فرید گنج شکرؒ کے مزار اقدس پر حاضری
## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی، فاتحہ خوانی اور زائرین میں لنگر بھی تقسیم

ملتان۔۔۔31 جنوری 2012ء

ایم کیو ایم کے وفد نے پاکپتن کے معروف بزرگ ہستی بابا فرید گنج شکرؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور زائرین میں لنگر بھی تقسیم کیا۔ ایم کیو ایم کے وفد میں رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان، صوبائی تنظیمی (پنجاب) کے اراکین سلیم رزاق، طاہر محمود، ملتان زون کے انچارج رائے خالد، ڈسٹرکٹ پاکپتن کے انچارج عمر علی آغا و دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر وفد نے ملک کی سلامتی، خوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود، ایم کیو ایم کے تمام شہداء کی مغفرت اور تحریک کی کامیابی سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئی۔

## نارتھ کراچی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیو ایم کے ہمدردوں عدنان، عرفان اور عادل کو آہوں اور سسکیوں کے ساتھ محمد شاہ قبرستان میں سپردخاک کردیا
## نماز جنازہ اور تدفین میں نمائندوں، ایم کیو ایم کے ذمہ داران اور کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔31 جنوری 2012ء

گذشتہ روز نارتھ کراچی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیو ایم کے ہمدردوں عدنان، عرفان اور عادل کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں سسکیوں کے درمیان محمد شاہ قبرستان میں سپردخاک کردیا۔ شہداء کی اجتماعی نماز جنازہ سرجانی ٹاؤن بلاک ایل ون کے مقامی گراؤنڈ میں ادا کی گئی نماز جنازہ تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب، ارکان قومی اسمبلی عبدالوسیم، شیخ صلاح الدین، ارکان صوبائی اسمبلی عادل خان، خواجہ اظہار الحسن، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین اور ایم کیو ایم کے مقامی سیکٹر و یونٹوں کے کارکنان و ہمدردوں اور شہداء کے عزیز اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور تینوں شہداء کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

## الطاف حسین نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی فون پر عیادت کی

لندن۔۔۔ 31 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی فون پر عیادت کی۔ انہوں نے رحمان ملک کی خیریت دریافت کی اور ان کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی خیریت دریافت کی۔ واضح رہے کہ رحمٰن ملک گزشتہ روز سے علیل ہیں۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔31 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی بن قاسم سیکٹر یونٹ گلشن حدید کے کارکن سید طارق علی کے والد سید طاہر علی، ایم کیو ایم اولڈ ملیر سیکٹر یونٹ سومار کنڈانی جام گوٹھ کے کارکن ناصر کی والدہ محترمہ سکینہ بی بی، ایم کیو ایم گڈاپ سیکٹر کی کمیٹی کے رکن محمد حنیف کی خالہ محترمہ رحمت بی بی اور ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے کارکن ذوالفقار حیدر کی والدہ عاشیہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## جناب الطاف حسین کی جہد مسلسل کوتمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام نے ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے،ایم کیوایم ٹنڈ والہ یارزون

ٹنڈ والہ یار: 31 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈ والہ یارزون کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ وار اکین زونل کمیٹی نے اتحاد بین المسلمین اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کے لئے بے مثل کاوشیں کرنے پر قائد تحریک الطاف حسین کوزبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فرقہ واریت اورانتہا پسندی کے خاتمے لئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جہد مسلسل کوتمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام نے ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے اہم مذہبی ایام کے دوران مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام کوایک ٹیبل پر بٹھا کر اتحاد و یکجہتی کی فضاء کا قیام ہر دور میں ممکن بنایا۔انہوں نے کہا ہے کہ محرم الحرام، ربیع الاول اور دیگر اہم مذہبی ایام کے دوران قیام امن کے لئے متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان کا مثالی کردار قائد تحریک الطاف حسین کی روشن تعلیمات کے ایک اور رخ کو واضح کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک دشمن قوتیں پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے لئے فرقہ وارانہ فسادات کروانے کی سازشیں کررہی ہیں۔ملک کو عدم استحکام اورافراتفری سے بچانے کے لئے قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام امن ومحبت کو گھر گھر عام کرنا ہوگا۔مذہبی ہم آہنگی کے مستقل بنیادوں پر فروغ کے لئے برداشت اور رواداری کے جذبے کو فروغ دے کر اسے آنے والی نسلوں تک منتقل کرنا ہوگا۔

## جناب الطاف حسین 98 فیصد مڈل کلاس طبقے کی عملی طور پر نمائندگی کرتے ہیں،سیف یارخان

## ایم کیوایم ڈسٹرکٹ پاکپتن کے زیر اہتمام کارنر میٹنگ سے خطاب

ملتان:۔۔۔۔31 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان نے کہا ہے کہ صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین 98 فیصد مڈل کلاس طبقے کی عملی طور پر نمائندگی کرتے ہیں،ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے کہ جس میں نہ تو ذات پات اور نہ ہی دولت وشہرت کے بل بوتے پرلوگوں کو آگے لایا جاتا ہے،ایم کیوایم میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے وضع کردہ نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کی بنیاد پراصول وضوابط مرتب کیے جاتے ہیں اورانہیں پروان چڑھایا جاتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم ڈسٹرکٹ پاکپتن کے زیر اہتمام ایک بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی سیف یارخان نے اس موقع پر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے معززین پاکپتن پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے سید فہد علی شاہ،میاں بادل چشتی،خرم رسول بنڈارہ، جبکہ تحریک انصاف سے وابستہ راؤ ندیم ستار اوران کے ساتھ دیگر حامیوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی۔ کارنر میٹنگ میں ذمہ داران وکارکنان نے ایم کیوایم کا فکر وفلسفہ ملک بھر میں پھیلانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد اور کاوشوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔کارنر میٹنگ سے،اراکین صوبائی تنظیمی کمیٹی (پنجاب) سلیم رزاق،طاہر محمود،ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود،ڈسٹرکٹ انچارج پاکپتن عمر آغا نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆